عرفان شریعت
کامل سہ حصص
مؤلفہ مجدد مایۃ حاضرہ حضرت شاہ احمد رضا خاں صاحب بریلوی قدس سرہٗ
سنی دارالاشاعت علویہ رضویہ
ڈجکوٹ روڈ
لائل پور
NATIONAL BLOCK

مَنْ یُرِدِ اللہُ بِہٖ خَیْرًا یُّفَقِّھْہُ فِی الدِّیْنِ

الحمد لله

کہ مجموعہ مبارکہ جامع مسائل ضروریہ حاوی احکام شرعیہ متضمن نکات لطیفہ

مخزن اسرار عجیبہ

یعنی

بعض فتاوے حضور پرنور اعلیحضرت مجدد مأتہ حاضرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

مُسمّٰی بہ

عرفان شریعت

حصہ اول و دوم و سوم

جنکو مولوی محمد عرفان علی صاحب قادری رضوی بیسلپوری نے جمع کیا

الناشر سُنّی دارالاشاعت علویہ رضویہ ڈجکوٹ روڈ لائلپور

قیمت ۲/۵۰

مسئلہ: اگر مقتدی عمامہ باندھے ہوں اور امام کے سر پر عمامہ نہ ہو تو نماز درست ہوگی یا نہیں۔

الجواب: نماز بلا تکلف درست ہوگی۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ: ایک شخص تنہا نماز پڑھتا ہے۔ اگر اسکو سہو ہو جائے تو سجدۂ سہو ایک ہی طرف سلام پھیرنے سے درست ہوگا یا دونوں طرف۔

الجواب: ایک ہی طرف سلام پھیرے۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ ۹: قاضی کو نکاح پڑھانے کا روپیہ لینا جائز ہے یا نہیں۔

الجواب: حسب مرضی اہل معاملہ بلا جبر و اکراہ پہلے سے مقرر کر کے لے سکتا ہے۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ: کفار سے سود اور رشوت لینا مسلمان کو جائز ہے یا نہیں۔ اور ہندوستان دار الحرب ہے یا دار الاسلام۔

الجواب: سود اور رشوت مطلقاً حرام ہیں۔ ہندوستان دار الحرب نہیں دار الاسلام ہے۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ: کافر کے ہمراہ مسلمانوں کو کھانا کھانا جائز ہے یا نہیں۔

الجواب: ممانعت ہے۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ ۱۲: ہندو کے یہاں کی شیرینی پر فاتحہ دینا جائز ہے یا نہیں اور اس کے گھر کا کھانا درست ہے یا نہیں۔

الجواب: ادنٰی یہ ہے کہ فاتحہ کے لئے شیرینی مسلمانوں کے یہاں کی ہو اور ہندو کے یہاں کا گوشت حرام ہے۔ باقی کھانوں میں مضایقہ نہیں۔ اگر کوئی وجہ شرعی مانع نہ ہو۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ ۱۳: شرع شریف کا لڑکا اور لڑکی کتنی عمر میں بلوغ کو پہنچتے ہیں۔

الجواب: لڑکا کم سے کم بارہ ۱۲ برس میں اور لڑکی نو ۹ برس میں اور زیادہ سے زیادہ دونوں پندرہ ۱۵ برس میں واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ ۱۴: اگر حالت جنابت میں عورت مر جائے تو ایک ہی غسل کفایت کرتا ہے یا دو ۲۔

الجواب: ایک ہی غسل کافی ہے اگرچہ تین ۳ غسل جمع ہو جائیں۔ مثلاً عورت کو حیض آیا ابھی نہ نہائی تھی کہ جماع کیا۔ ابھی غسل نہ کرنے پائی کہ مر گئی۔ ایک ہی غسل دیا جائے گا۔ واللہ تعالٰی اعلم۔